سوال

(37) قرآن پڑھ کراس کا ثواب مردوں کو پہنچایا جا سکتا ہے۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن پڑھ کراس کا ثواب مردوں کو پہنچایا جا سکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس عمل کےلئے قرآن اور صحیح حدیث میں کوئی ثبوت نہیں اس واسطے قرآن پڑھ کر مردے کو ثواب پہنچانے کے سنت نہیں کہہ سکتے۔ (تحریر۔ مولانا ابوالبرکات احمد شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ)

(تصدیق۔ حضرت العلام مولانا حافظ محمد گوندلوی اخبار الاسلام گوجرانوالہ جلد نمبر 1 ش 23)

توضیح بطریق مروجہ قرآن خوانی کے متعلق کوئی صحیح حسن یا ضعیف حدیث بھی مروی نہیں تعامل صحابہ اورتابعین بھی نہیں پایا گیا۔ یہ صرف رواج ہے۔ لہذا ما عندی واللہ اعلم۔ (علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد12ص127

محدث فتویٰ